# منصب کے امور اور اہلیت

(Job Description & Specification)

| JOB/IM/01 | | | |
|---|---|---|---|
| کام کرنے کی جگہ (Workplace) | مسجد | شعبہ (Department) | امام مساجد |
| منصب (Designation) | امام مسجد | جوابدہ (Report to) | مسجد انتظامیہ |
| کام (Function) | پانچ وقت کی نماز پڑھانا اور دینی کاموں میں شرکت کرنا | ماتحت اسٹاف (Subordinate Staff) | - |

## منصب کے کام - Job Description

1. شعبہ امام مساجد کے طے شدہ مدنی مشوروں میں پیشگی تیاری کے ساتھ اول تا آخر شرکت کرنا۔
2. اذان دینا/دلوانا اور پانچوں نمازیں بروقت پڑھانا نیز طلوع آفتاب سے 25 منٹ پہلے فجر کی جماعت کروانا۔
3. عیدین اور بڑی راتوں کے اجتماعات کی مضبوط ترکیب بنانا۔

## اپنی دنیا و آخرت کو بھتر کرنے اور دعوتِ اسلامی کے دینی ماحول میں استقامت پانے کے لیے درج ذیل امور پر عمل کی کوشش فرمائیں۔

1. سنت کے مطابق لباس، داڑھی، زلفیں اور سفید عمامہ وغیرہ اپنانا۔
2. عاشقانِ رسول کے بچوں کا جامعۃ المدینہ، مدرسۃ المدینہ، دار المدینہ، فیضان آن لائن اکیڈمی اور فیضان اسلامک اسکول سسٹم میں داخلہ کروانا۔
3. مکتبۃ المدینہ کی طرف سے شائع کردہ امیر اہلسنت کی تصنیف شدہ نیز المدینۃ العلمیۃ کے تیار شدہ دیگر کتب و رسائل عاشقانِ رسول میں تقسیم کرنا۔
4. اہلِ محلّہ کے بچوں کو قرآن پاک پڑھانا اور روحانی علاج (Spiritual Treatment) کا بستہ لگانا/لگوانا۔
5. اعلان، دعا، بیان اور محافل مدنی مرکز کے دیئے گئے طریقہ کار کے مطابق ہی کرنا/کروانا۔
6. مسجد میں نوٹس بورڈ کے مدنی پھول، وضو کے قطرے فرشِ مسجد پر نہ گرائیں اور آدابِ مسجد کا پینا فلیکس آویزاں کرنا۔
7. شعبہ فلکیات کے ذریعے ڈیجیٹل گھڑیوں میں Prayer Times سافٹ ویئر انسٹال کروانا۔
8. قرآن پاک کی الماری کی صفائی اور رکھے گئے قرآنی نسخوں کا جائزہ اور ترتیب لگوانا۔
9. مسجد کے جملہ معاملات، نئے پرانے سامان، اسٹور، تعمیرات، مدنی مرکز کے طریقہ کار کے مطابق دار الافتاء اہلسنت سے شرعی رہنمائی لے کر کروانا۔
10. مسجد میں آخری عشرے کا اعتکاف کروانا۔
11. نماز تہجد، اشراق و چاشت، اوابین کا اہتمام کروانا اور سورۂ مُلک کی تلاوت نیز صلوٰۃُ التّوبہ کا اہتمام کرنا/کروانا۔
12. نماز جمعہ کے بعد درود پاک کی مختصر محفل کرنا اور کسی ایک نماز میں تیاری کیساتھ شرعی مسئلہ بیان کرنا/سنتیں و آداب سکھانا۔
13. نفلی روزوں کی ترغیب دلانا اور پیر شریف کو عصر تا مغرب دعائے افطار کی ترکیب کرنا نیز ہر ماہ اپنی مسجد میں گیارہویں شریف کرنا/کروانا (تنظیمی ذمہ داران کے بیانات کروانا)۔
14. نماز جمعہ کی دعائے ثانی کے بعد: (1) آیت درود پڑھنا (2) درود رضویہ 19 مرتبہ پڑھنا (3) قصیدہ بردہ شریف کے دو اشعار پڑھنا (4) سلام کے دو اشعار اور ایک مقطع پڑھنا (5) مناجات کے دو اشعار اور ایک مقطع پڑھنا (6) آیت درود پڑھنا (7) مختصر دعا کروانا۔
15. ہفتہ وار صفائی کا انتظام (Arrangement) کرنا/کروانا اور اپنا متبادل (Substitute) امام تیار کرنا۔
16. اپنی مسجد میں 12 دینی کام کرنا/کروانا اور 12 دینی کاموں کے 12 ذمہ داران مقرر کرنا۔
17. اپنے مقتدیوں کی خبر گیری کرنا، نماز میں نہ آنے والوں سے ملاقات اور بیماروں کی عیادت نیز فوتگی پر تعزیت کرنا۔
18. مسجد کو آباد کرنے کے لئے قرب و جوار میں رہنے والے افراد پر انفرادی کوشش (Individual Effort) کرنا نیز اپنے مقتدیوں کو امیر اہلسنت دامت برکاتھم العالیہ کا مرید بنانا۔
19. مسجد انتظامیہ کیساتھ مل کر ماہانہ چندہ، جمعہ کی جھولی اور لوہے کے باکس کے ذریعے مسجد کو خود کفیل (Self-Sufficient) کرنا۔
20. اپنی مسجد کے اطراف کے گھروں میں 50 گھریلو صدقہ باکس اور 30 عطیات باکس رکھوانا نیز رمضان عطیات، قربانی کی کھالوں اور ٹیلی تھون کے لیے کوشش کرنا۔

21. مدنی مرکز کے دیئے گئے طریقہ کار کے مطابق مسجد کی مکمل آمدن و خرچ کا حساب رکھنا اور شعبے کے تحت مقرر آڈٹ مجلس کے ذریعے سے آڈٹ کروانا نیز اپنا ای رسید (E-Receipt) اکاؤنٹ بنوانا۔

22. اپنے مقتدیوں کو دعوت اسلامی کی طرف سے ملنے والی متعلقہ اپڈیٹس پہنچانا نیز اپنی اور اپنے مقتدیوں کی ماہنامہ فیضان مدینہ کی سالانہ بکنگ کروانا۔

23. صراط الجنان، تمہید الایمان، بہار شریعت، فرض علوم سیکھئے، کفریہ کلمات کے بارے میں سوال جواب، احیاء العلوم، مکارم الاخلاق، باطنی بیماریوں کی معلومات، اور دعوت اسلامی کے شعبہ المدینۃ العلمیہ کی دیگر کتب و رسائل کا مطالعہ کرنا۔

24. وقتاً فوقتاً نمازیوں کو شعبہ مدنی کورسز کے تحت مختلف کورسز (فیضان نماز، احکام مسجد، 12 دینی کام، اور کفن دفن وغیرہ) کروانا۔

25. اپنے اور مقتدیوں کے موبائل میں دعوت اسلامی کی ڈیجیٹل موبائل ایپلیکیشنز انسٹال کرنا/کروانا۔

26. مدنی مرکز کے دیئے گئے طریقہ کار کے مطابق اجتماعی قربانی کرنا/کروانا۔

27. مدنی مرکز/شعبے کی طرف سے دیئے گئے کاموں کی درست اور بروقت کارکردگی جمع کروانا۔

28. شعبے سے متعلقہ ذمہ داران سے ملاقات کرنا، واٹس ایپ، کالز، میسجز چیک کرنا اور بروقت (Timely) ریپلائی کرنا۔

## منصب کی اہلیت - Job specification

- **دینی تعلیم:**۔ امامت کی اہلیت ہو اور دعوت اسلامی سے امامت ٹیسٹ پاس ہو
- People Management, Rapport-building, Time management, Problem-solving